# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 26 August 2026**
**Time : 07:40 / PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔ پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈ لائنز

✓ [۱] ـــــ لیفٹیننٹ گورنر کا اسپتالوں کو تحقیق کے مراکز میں تبدیل کرنے پر زور// سرینگر میں **Quarternary** ہیلتھ کیئر اینڈ ریسرچ سمٹ سے خطاب۔

✓ [۲] ـــــ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں تقریبات کا انعقاد// درگاہ حضرتبل سمیت وادی بھر میں روح پرور سیرتی مجالس کا اہتمام۔

✓ [۳] ـــــ وزیر داخلہ نے فوجداری کے تین نئے قوانین پر اگلے ایک سال کے اندر صد فیصد عمل آوری یقینی بنانے کی دی ہدایت۔

اور

✓ [۴] ـــــ پونچھ میں المناک سڑک حادثہ // چھ افراد از جان، کئی دیگر زخمی۔

ایل جی ہیلتھ

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جدید طبی نگہداشت صرف دولت مند طبقے کیلئے خاص استحقاق نہیں بلکہ شہری کیلئے شہریت کا ایک حق اور قوم کی ایک ضمانت بننی چاہئے۔سرینگر میں Quaternary ہیلتھ کیئر اینڈ ریسرچ سمٹ **2026** میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے اسپتالوں پر زور دیا کہ انہیں تحقیق کے مراکز میں تبدیل کیا جائے، جہاں آرگن ٹرانسپلانٹ، روبوٹک سرجری، جین تھراپی، جدید جینومکس اور مصنوعی ذہانت پر مبنی تشخیص کی سہولیات دستیاب ہوں۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر اور ملک کو اب اعلیٰ درجے کے علاج کے ساتھ Quaternary طبی سہولیات اور تحقیق کی جانب بھی تیزی سے آگے بڑھنا ہوگا، تاکہ ہر شہری کو یکساں طبی سہولیات میسر آسکیں۔

ـــــLG ـــ

منوج سنہا نے کہا کہ دیہی علاقوں کے بنیادی مراکز کو جدید چوتھے درجے کے مراکز سے مربوط کیا جائے گا۔اس موقعہ پر ایل جی نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارت کے صحت شعبے میں تاریخی کامیابیوں کو بھی اجاگر کیا۔

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ مال مویشی کے سیکٹر میں دیہی علاقوں میں نوجوانوں کیلئے دائمی روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کی بھرپور صلاحیت ہے اور اس شعبے کو صلاحیت سازی، سرکاری اسکیموں پر موثر عمل آوری اور جدید مداخلتوں کے ساتھ مزید مستحکم کیا جانا چاہئے۔

وزیر موصوف ریاسی ضلعے کے دورے پر تھے، جہاں انہوں نے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے علاوہ کچھ پروجیکٹوں کا افتتاح بھی کیا۔

انہوں نے دیہی بنیادی ڈھانچے، پنچایتی راج اداروں اور مال مویشی کے سیکٹر کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔

عید میلاد

آج **12** ربیع الاول ہے۔ یہ دن پورے عالم اسلام میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے یوم پیدائش عید میلاد النبی ﷺ کے طور پر مذہبی جوش وخروش اور تزک واحتشام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ اس موقعے پر آج میلاد محفلوں اور سیرت کانفرنسوں کا اہتمام رہا جس دوران پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبات کو اُجاگر کیا گیا۔ مختلف مقامات پر میلاد کے جلوس بھی نکالے گئے۔

اِدھر عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید کے سلسلے میں آج وادی بھر کی خانقاہوں، مساجد اور زیارتگاہوں میں بڑے بڑے دینی اجتماعات منعقد ہوئے، جن میں علمائے کرام نے حضور پاک ﷺ کی سیرت پاک بیان کی۔ اس کے علاوہ درود واذکار، ختمات المعظمات اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہوئیں۔

عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے پیش ہے ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

----**Report**----

وادی کے دیگر علاقوں میں بھی آج عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں بڑے بڑے اجتماعات اور جلوسوں کا اہتمام کیا گیا۔ جناب صاحب صورہ، آثار شریف شہری کلاشپورہ، پنجورہ شوپیان، مکہامہ بیروہ، کھرم سرہامہ اور دیگر بقعہ جات میں بھی اس دن کی مناسبت سے تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے پیغمبر آخرالزمان حضرت محمد مصطفٰی ﷺ کی تعلیمات اور اُسوۂ حسنہ کو امن، مساوات اور عالم انسانیت کیلئے ہمدردی کی روشن مثال قرار دیا۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی عید میلاد النبی ﷺ کے مبارک موقعے پر جموں وکشمیر کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے آنحضور ﷺ کے امن، محبت، شفقت اور اخوت کے عالمگیر پیغام کو عام کرنے پر زور دیتے ہوئے یوٹی میں دائمی امن، ترقی اور بھائی چارے کیلئے خصوصی دعا کی ہے۔

اسی دوران نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری اور کابینی وزراء سکینہ ایتو، ستیش شرما، جاوید رانا، جاوید احمد ڈار نے بھی لوگوں کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

آزاد مبارک

سابق مرکزی وزیر اور جموں وکشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی آزاد، ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ، سیاسی کارکن اشفاق الرحمان پوسوال، اور کئی دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی عید میلاد کے موقعے پر یوٹی کے لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

حادثہ

پونچھ ضلعے میں ایک المناک سڑک حادثے میں **6** افراد جاں بحق جبکہ کئی دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔ ہمارے پونچھ کے نمائندے انو بھومشری نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ آج ضلع کے سرنکوٹ علاقے میں پیش آیا، جہاں ایک ایکو گاڑی سڑک سے لڑھک کر ایک گہری کھائی میں جا گری۔

زخمیوں کو علاج ومعالجہ کیلئے نزدیکی ہسپتال میں بھرتی کرایا گیا ہے۔ سی ایم او پونچھ ڈاکٹر پرویز احمد نے اس حادثے میں **6** ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پونچھ میں پیش آئے سڑک حادثے میں انسانی جانوں کے زیاں پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں سے تعزیت کی ہے۔ ایل جی نے ضلع انتظامیہ کو متاثرین کو فوری امداد فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR ، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے تین نئے فوجداری قوانین کی صد فیصد عمل آوری کو اگلے ایک سال کے اندر یقینی کی ڈیڈ لائن رکھی ہے۔نئی دلی میں نیشنل سیکورٹی سٹریٹیجیز کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ہر ایک سیکٹر میں ایک لیڈر کے طور پر ابھرنے کیلئے بھارت کو اپنی داخلی سیکورٹی مزید مستحکم کرنی چاہئے۔
انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے سال **2047** تک وکست بھارت کا ہدف مقرر کیا ہے اور ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے داخلی سلامتی کا فعال نظام ہونا لازمی ہے۔

ساگر

جموں کشمیر میں پُر امن اور جامع مستقبل کی تعمیر کیلئے نوجوانوں کے اہم رول کو اجاگر کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کا مستقبل اس کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں ہے۔
وہ آج سرینگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو خطے کی سیاسی تاریخ، یہاں کی شناخت اور اُن کوششوں سے بھرپور واقفیت حاصل ہونی چاہئے جن کی بدولت جموں کشمیر کے سیاسی وسماجی منظرنامے کو جہت ملی ہے۔

بی جے پی

پردیش بی پی صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر جموں میں سلسلہ وار میٹنگوں کی صدارت کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کے جنم دن کی مناسبت سے منعقد کئے جانے والے سیوا سنکلپ ابھیان کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے ساتھ ہی کسان مورچہ اور مہیلا مورچہ کے آئندہ پروگراموں کا بھی جائزہ لیا۔

اسی دوران پردیش بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے آج ایس وَن چرچ لین سرینگر اور جواہر نگر میں پارٹی ہیڈکوارٹر پر وادی کے مختلف علاقوں سے اُن سے ملنے آئے وفود کے ساتھ بات چیت کی۔
وفود نے اپنے اپنے علاقوں کے ترقی نوعیت کے کئی معاملات اٹھائے، جس پر اشوک کول نے انہیں یقین دلایا کہ ابھارے گئے سبھی جائز مسائل ومطالبات کو حل کیا جائے گا۔

کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے مختلف شعبوں میں بھارت کی برآمدات میں ہونے والی نمایاں ترقی کی سراہنا کی ہے۔
انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی دوراندیش قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں بھارت کی مینوفیکچرنگ صلاحیت اور عالمی سطح پر اقتصادیات میں اضافہ ممکن ہوسکا ہے۔

انتقال

کشمیری زبان کے معروف استاد اور نامور شخصیت پیرزادہ عبدالاحد آج سہ پہر انتقال کر گئے۔ مرحوم کو اُنکے آبائی مقبرہ بابا نار شوپیاں میں آج رات ساڑھے دس بجے سپرد خاک کیا جائے گا۔ مرحوم نامور براڈ کاسٹر اور ادیب پیرزادہ ابدال مہجور کے بہنوئی تھے۔

پولیس

بڈگام پولیس نے ہا پتھ ناڈ چرار شریف میں **NDPS** ایکٹ کے تحت ایک دو منزلہ رہائشی مکان کو اٹیچ کیا ہے۔ یہ مکان نور محمد ڈار نامی سمگلر کا بتایا جاتا ہے۔

سوپور پولیس نے زیورات کی چوری کے کئی معاملات کو حل کر کے چوری شدہ سونے کی چیزوں کو برآمد کرنے کے علاوہ **2** چوروں کی گرفتاری عمل میں لائی ہے۔

اُدھر بارہمولہ پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی کان کنی اور اس کی ٹرانسپورٹیشن میں ملوث **6** گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔شوپیاں پولیس نے بھی اسی طرح کی ایک کارروائی میں **10** گاڑیاں ضبط کی ہیں۔ بانڈی پورہ پولیس نے گریز میں مقامی نوجوانوں کیلئے اپنے **Civic** ایکشن پروگرام کے تحت داوَر گریز کے حبہ خاتون سٹیڈیم میں ایک ناک آوٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا اہتمام کیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **17.6** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **35** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **25.6** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **1** منٹ اور غروب آفتاب شام **7** بجکر **4** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔